اسلامیات (لازمی)	غیر حل شدہ کلاس نہم 2022ء	(انشائیہ طرز)
وقت: 1.45 منٹ	دوسرا گروپ	کل نمبر: 40

حصہ اول

-2 کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: (12)

(i) سورۃ الانفال کے مطابق مومنین پر اللہ تعالیٰ کے ذکر کے کیا اثرات ہیں؟

(ii) سورۃ الانفال کی روشنی میں دو گروہوں سے کیا مراد ہے؟

(iii) سورۃ الانفال کی روشنی میں کفار کے ساتھ مقابلے کی صورت میں کیا ہدایات دی گئیں ہیں؟

(iv) سورۃ الانفال کی روشنی میں خیانت سے کیا مراد ہے؟

(v) کفار کے مطالبے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ان پر عذاب کیوں نازل نہ کیا؟

(vi) سورۃ الانفال میں مالِ غنیمت کی تقسیم کے بارے میں کیا حکم دیا گیا؟

(vii) غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی نصرت کے لیے نازل ہونے والے فرشتوں کو دیکھ کر شیطان کا ردعمل کیا تھا؟

(viii) معانی لکھیے: عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۔ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا

(ix) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جہاد پر ابھارنے کے لیے کیا ترغیب دی؟

-3 کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: (12)

(i) اللہ تعالیٰ کو اِلٰہ ماننے کا تقاضا کیا ہے؟

(ii) انسانی فطرت میں کس چیز کا شعور رکھا گیا ہے؟

(iii) اللہ تعالیٰ کی سب سے غالب صفت بیان کیجیے۔

(iv) قوموں کے عروج و زوال میں قرآن مجید کا کردار بیان کیجیے۔

(v) حضرت عثمانؓ نے قرآن مجید کی کیا خدمت کی؟

(vi) ترجمہ کیجیے۔ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

(vii) حصولِ علم کے لیے عمر کی حد کیا ہے؟ حدیث کی روشنی میں لکھیے۔

(viii) ترجمہ کیجیے۔ يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ

(ix) زکوٰۃ دیتے وقت پہلے کس کا خیال رکھا جائے؟

حصہ دوم

-4 درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے دو کا ترجمہ کیجیے۔ (8)

(الف) اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝

(ب) وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝

(ج) كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝

-5 درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: (3)

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً فَتَحَ اللّٰهُ لَهٗ بَابًا مِّنَ الْعَافِيَةِ ۔

-6 رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی اتباع کیوں ضروری ہے؟ نیز ہماری عملی زندگی میں اس کے فوائد بیان کیجیے۔ (05)

یا زکوٰۃ کی تعریف کیجیے۔ نیز اسلامی معاشرے پر اس کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

☆☆.....☆☆☆☆.....☆☆

www.ilmkidunya.com